Oslo

اگر بحران یا جنگ کی صورتحال پیدا ہو جائے

یہ باتیں آپ کو معلوم ہونی چاہئیں - اگر انٹرنیٹ، بجلی اور فون کام کرنا چھوڑ دے - اگر آپ کو کسی پناہ گاہ میں جانا پڑے - ذاتی ہنگامی تیاری کے بارے میں

پڑھیں، تیار رہیں اور آپس میں بات چیت کریں۔
اوسلو بلدیہ کی طرف سے معلومات۔
اس معلوماتی کتابچے کو سنبھال کر رکھیں۔

ذاتی ہنگامی تیاری اور بھائی چارہ

کسی بھی بحران یا ہنگامی صورتحال میں زیادہ تر لوگوں کو اپنا بندوبست خود کرنا پڑتا ہے، اسی لیے آپ کو پہلے سے تیاری کرنی چاہیے۔

ذمہ داری اٹھائیں

ہنگامی تیاری گھر سے شروع ہوتی ہے۔ اپنے پڑوسیوں، دوستوں یا خاندان والوں سے بات کریں کہ اگر کچھ ہو جائے تو آپ ایک دوسرے کی مدد کیسے کر سکتے ہیں۔ اپنے لیے کوئی «ہنگامی تیاری کا دوست» تلاش کریں۔

ہنگامی تیاری کے دوست ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں:

سامان اور اشیاء کا تبادلہ کرنے میں
رہنے اور رات گزارنے کی جگہ فراہم کرنے میں
عملی اور روزمرہ کے کاموں میں
دیکھ بھال اور اخلاقی مدد فراہم کرنے میں

سب سے اہم چیزوں سے شروعات کریں:

پینے کا پانی: ترجیحاً 20 لیٹر فی شخص۔
گرمی کا بندوبست: سردی سے بچنے اور گرم رہنے کے لیے ایک منصوبہ بنائیں۔
کھانا، صفائی ستھرائی کا سامان، ادویات، ابتدائی طبی امداد کی کٹ، ٹارچ، ڈی اے بی ریڈیو اور نقد رقم۔
یاد رکھیں کہ بہت سی چیزیں جن کی آپ کو ضرورت ہے، وہ پہلے ہی آپ کے گھر میں موجود ہیں۔

مستعد اور محتاط رہیں

صرف حکام کی طرف سے تصدیق شدہ اور بااعتماد معلومات پر ہی یقین کریں۔

ایٹمی حادثے کی صورت میں

حکام کی سفارش پر 40 سال سے کم عمر کے افراد اور حاملہ خواتین کو آئوڈین کی گولیاں لینی چاہئیں۔
اسکولوں، کنڈرگارٹنز اور اداروں کے پاس ضرورت پڑنے پر فوری تقسیم کے لیے آئوڈین کی گولیاں موجود ہوتی ہیں۔

مزید معلومات کے لیے درج ذیل ویب سائٹس دیکھیں:

oslo.kommune.no/beredskap
sikkerhverdag.no

اگر انٹرنیٹ، بجلی اور فون کام کرنا چھوڑ دیں

فائر بریگیڈ، ایمبولینس اور پولیس سے رابطہ کرنا انتہائی مشکل ہو جائے گا۔ آپ قائم کردہ معلوماتی پر جا کر مدد مانگ سکتے ہیں۔ وہاں صرف اسی صورت میں جائیں جب انتہائی ضروری ہو۔ پوائنٹس اوسلو بلدیہ کو ان لوگوں کی مدد کو ترجیح دینی ہوگی جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ زیادہ تر لوگوں کو اپنا بندوبست خود کرنا ہوگا۔ فوری اور ہنگامی طبی امداد کی شدید ضرورت کی صورت میں، قریبی ایمرجنسی کلینک سے رجوع کریں۔

اپنے قریبی معلوماتی پوائنٹ کا پتہ نوٹ کر لیں:

معلوماتی پوائنٹس:

1. Ullevålsveien 31، (Oslo Katedralskole)
2. Pilestredet 109، (Fagerborg skole)
3. Parkveien 65، (Oslo Handelsgym)
4. Ullernchausseen 66، (Ullern videregående)
5. Nydalsveien 30C، (Nydalen videregående skole)
6. Treschows gate 16، (Bentsebrua skole)
7. Steenstrups gate 20، (Foss videregående skole)
8. Statsråd Mathiesens vei 25، (Bjerke videregående skole)
9. Fyrstikkalléen 21، (F21 videregående skole)
10. Wilhelm Stenersens vei 6، (Hellerud videregående skole)
11. Tor Jonssons veg 5، (Ulsrud videregående skole)
12. Gamle Hovsetervei 1، (Persbråten videregående skole)
13. Tjernveien 12، (Apalløkka skole)
14. Karl Fossums vei 25، (Stovner videregående skole)
15. Cecilie Thoresens vei 6، (Lambertseter videregående skole)
16. Nordåsveien 3 ، (Holmlia skole)

اگر فضائی حملے کا سائرن بج جائے، تو میں کیا کروں؟

فضائی حملے کی صورت میں، سائرن آپ کو خبردار کرے گا کہ آپ کو پناہ لینی چاہیے۔ آپ جہاں بھی ہوں، وہاں سے جو جگہ سب سے قریب ہو اس کا انتخاب کریں۔

اگر آپ گھر کے اندر ہیں:

آپ جہاں ہیں وہیں پناہ لیں، مثال کے طور پر تہہ خانے میں، سیڑھیوں کے نیچے یا ہال میں، یا ایسے کمرے میں جس میں کھڑکی نہ ہو۔

پناہ گاہ تلاش کرنے کے لیے باہر مت نکلیں۔

اگر آپ باہر ہیں:

اپنے قریب ترین محفوظ ترین جگہ تلاش کریں، مثال کے طور پر:

کسی کھائی یا نالے میں۔

کسی پل کے نیچے یا دیوار کے پیچھے۔

تہہ خانے، پارکنگ ایریا، یا زمین کے نیچے سب وے اسٹیشن میں۔

یا کسی پناہ گاہ میں

تصاویر اور خاکے: اوسلو بلدیہ، اکتوبر 2026